# اداریہ

زیر نظر مجلہ البَصِیْرَۃ کا چوتھا شمارہ قارئین کرام کے لئے پیش خدمت ہے۔ الحمدللہ البَصِیْرَۃ اپنی اشاعت کا دوسرا سال انتہائی کامیابی کے ساتھ مکمل کر چکا ہے۔

البَصِیْرَۃ کو دو سال مکمل ہونے پر ادارہ تمام حضرات خصوصاریکٹر نمل میجر جنرل(ر) مسعود حسن اور ڈائریکٹر جنرل نمل بریگیڈیر اعظم جمال کو تہہ دل سے مبارکباد پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہے۔ ان حضرات کی سرپرستی اور مکمل تعاون شامل حال ہونے سے ہی احسن طور پر یہ کام پایۂ تکمیل تک پہنچ سکا۔ جزاھم اللہ خیرا

یہ امر خوش آئند ہے کہ البَصِیْرَۃ کو گزشتہ دو سالوں سے مسلسل اور بروقت شائع ہونے اور ساتھ ہی اس کی مقبولیت میں اضافہ ہونے کا شرف حاصل ہوا ہے۔ قارئین و علمی حلقوں سے داد و تحسین بلاشبہ ادارہ کے لئے نہ صرف اطمینان کا باعث ہے بلکہ ایک اعزاز بھی ہے ۔ در اصل ہمارے پیش نظر تحقیق کی دنیا میں البَصِیْرَۃ کو اعلی معیار پر قائم کرنا ہے۔ جس کے لئے ادارہ البَصِیْرَۃ شب وروز کوشاں ہے۔ اور مستقبل میں بھی اپنے اس معیار میں تحقیقی وفنی اعتبار سے مزید بہتری لانے کا خواہشمند ہے۔ جس کے لئے آپ کے مفید مشوروں اور تجاویز کا شدّت سے انتظار رہے گا۔

اس سلسلے میں ادارہ کی یہ کوشش رہے گی کہ ہائر ایجو کمیشن (HEC) کے قائم کردہ کوالٹی اور تحقیقی معیار کو بہر صورت بر قرار رکھتے ہوئے اپنا علمی و تحقیقی سفر جاری رکھا جائے اور بہتر سے بہتر مواد کو قارئین کرام کے سامنے پیش کیا جاتا رہے ۔ اس لئے ہماری ارباب دانش و بینش، محققین، اساتذہ کرام و دیگر قارئین سے استدعا ہے کہ وہ عصر حاضر کے علوم اسلامیہ سے متعلق اچھوتے اور علمی اہمیت کے حامل جدید مسائل و چیلنجز کا علمی وفکری حل تحقیقی انداز میں پیش کرنے کے لئے ہماری معاونت کریں اور معیاری مقالات ارسال کریں۔

مجلہ ہذا میں ان تمام تحقیقی مقالات و مضامین کو شامل کیا گیا ہے جو البصیرۃ کی پالیسی کے مطابق اور ہائر ایجو کمیشن کے (QEC) کی سفارشات کے مطابق ہیں۔ لہذا جن مقالہ نگاروں کے مقالات اس شمارہ میں شامل نہ ہو سکے، ہم ان سے معذرت خواہ ہیں۔

البصیرۃ کو موصول شدہ بیسیوں تحقیقی مقالات میں سے صرف گیارہ مقالات کا پیئر ریویو (Peer Review) کے ذریعے انتخاب کیا گیا ہے جن میں سے پانچ اردو، چار عربی اور دو انگریزی تحقیقی مقالات شامل کئے گے ہیں، جو کہ در حقیقت مختلف شعبہ ہائے جات سے وابستہ بہترین اسکالرز کی تحقیقی کاوشوں کا ثمرہ ہیں اور البصیرۃ کے زیر نظر شمارہ کی زینت بنے ہیں۔ جو فی الواقع عصر حاضر کے جدید مسائل و چیلنجز کے تعارف اور حل کا ذریعہ بنے گے اور تحقیق کی دنیا میں محققین اور عام قارئین کے لئے علمی اور تحقیقی رہنمائی میں بھی کلیدی کردار ادا کر سکے گا۔

قارئین کرام کی سہولت اور بین الاقوامی معیار کے پیش نظر مجلہ ہذا کے تمام شمارہ جات نمل یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.numl.edu.pk پر اَپ لوڈ کر دیئے گئے ہیں ۔

میں اس شمارہ کی طباعت کے سلسلہ میں ریکٹر نمل اور ڈی جی نمل کے تعاون و سرپرستی کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ علاوہ ازیں جن اساتذہ اور محققین نے مقالات مرتب کئے ہیں اور مجلہ کی ترتیب و تدوین میں محمد عابد حسن نے جو اہم کردار ادا کیا ہے، میں ان سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ اس شمارہ میں جو بھی خوبی اور اچھائی ہے وہ اللہ تعالی کے فضل و کرم سے ہے اور جو کمی اور کوتاہی یا نقص ہے وہ ہماری کم علمی کی وجہ سے ہے۔ اللہ تعالی سے دعا ہے کہ وہ البصیرۃ کو مزید پذیرائی اور مقبولیت عطاء فرمائے (آمین)۔

**ڈاکٹر سید عبد الغفار بخاری**

**مدیر البصیرۃ**